BOP
THE BANK OF PUNJAB
Passion Reborn

8th October 2020 – پریس ریلیز

بینک آف پنجاب نے کسان دوست کرنٹ اکاؤنٹ کا آغاز کردیا

فوٹو کیپشن :کسان دوست کرنٹ اکاؤنٹ کے آغاز کے موقع پر صدر پنجاب بینک ظفرمسعود کسٹمر کے ساتھ کیک کاٹتے ہوہے۔ گروپ چیف زاہد مصطفیٰ بھی موجود ہیں۔

بینک آف پنجاب اپنے کسٹمرزکواہمیت دیتاہےاورسوسائٹی کے ہر طبقے کی خدمت کے لیے کوشاں ہے۔دیہی علاقوں میں ایک وسیع برانچ نیٹ ورک کے زریعے دیہی علاقوں میں بینک ہماری معیشت میں زراعت کے شعبے کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے اور اس سے دیہی ترقی کے لیے ترجیحی شعبے کے طور پر شناخت کرتا ہے۔

بینک آف پنجاب کاشتکار حضرات اور دیگر صارفین کےلئے بی او پی کسان دوست کرنٹ اکاؤنٹ متعارف کروانے پر فخر محسوس کرتا ہے جو کہ زراعت کے شعبے کے ساتھ ساتھ لائیو سٹاک، ڈیری، پولٹری اور منسلک کاروبار سے وابستہ ہیں۔ بینک آف پنجاب کے صدر ظفر مسعود صاحب نے بی او پی ہیڈ آفس لاہور میں منعقد ہونے والی تقریب میں کسان دوست کرنٹ اکاؤنٹ کا باقاعدہ آغازکردیاہے۔اس موقع پراُنہوں نے کہا،"میں اس پراڈکٹ کے بارے میں انتہائی پر جوش ہوں۔ یہ پراڈکٹ ملک بھراور خاص طور پر پنجاب میں زراعت کی ترقی اور روزگار کے مواقعے فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ فوڈ سکیورٹی یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کر گی۔ اس پراڈکٹ کی کامیابی کے لیے میری نیک تمنائیں بی اوپی ٹیم کے ساتھ ہیں۔"

بی او پی کسان دوست کرنٹ اکاؤنٹ کئی مفت بینکاری خدمات کے ساتھ زرعی سرگرمیوں کے لئے کم لاگت فنانسنگ کی سہولت مہیا کرتا ہے جو زرعی شعبے کی مالی مشکلات، کاشتکاری میں سرمایہ کاری اورپیداوار کو بڑھانے میں مدد گار ثابت ہو سکتا ہے۔ بی او پی کسان دوست اکاؤنٹ ڈیبٹ کارڈ، چیک بک، یونیورسل چیک، آن لائن بینکنگ کے علاوہ زرعی قرضہ جات جیسا کہ بی او پی کسان دوست پروڈکشن لون، بی او پی ٹریکٹر لیز، بی او پی کسان دوست لیز فنانسنگ، بی او پی کسان دوست لائیو سٹاک ڈویلپمنٹ سکیم، بی او پی ایگری وہیکل لیزنگ اور زرعی مصنوعات کی سٹوریج کے لیے رعائتی مارک اپ کے ساتھ فنانسنگ کی سہولت دیتا ہے۔

بینک آف پنجاب معیاری خدمات اور پراڈکٹس جو کہ صارفین کی ضروریات کے ساتھ ہم آہنگ ہیں، مہیا کر کے زراعت کے شعبے کی ترقی کے لئے پاکستانی عوام کے ساتھ پیش پیش ہے۔